ستمبر ۲۰۲۶ع - شمارہ ۸۶

لوس اینجلز، کیلیفورنیا، امریکہ

- تعلموانسابکم و لتصلوارحامکم -

انساب کے علم کو سیکھو تاکہ تم صلہ رحمی کرسکو


(حدیث رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم)۔

شجرۂ سادات رسولپور دھولڑی

ضلع میرٹھ ، یو پی، انڈیا

پہلی اشاعت	۱۹۴۹ع	اردو	نسب نامہ سادات رسولپور دھولڑی (ویب سائٹ پر پی ڈی ایف دیکھئیے) زیر اہتمام ''شیعہ ینگ سوسائیٹی، رسولپور دھولڑی'' ضلع میرٹھ ، انڈیا سید حامد حسین کاظمی، صدر (۳) سید ضرغام عباس کاظمی، سیکریٹری (۱۲)
دوسری اشاعت	۱۹۸۹ع	اردو	نسب نامہ سادات رسولپور دھولڑی (ویب سائٹ پر پی ڈی ایف دیکھئیے) زیر اہتمام ''انجمن سادات، رسولپور دھولڑی'' راولپنڈی، پاکستان سید علمدار حسین کاظمی، جنرل سیکریٹری و قائم مقام صدر (۳)
تیسری اشاعت	۲۰۱۲ع	اردو ویب سائٹ	شجرۃ سادات رسولپور دھولڑی ۔ سید حبیب ابن مظاہر کاظمی (۱۳) https://www.dhaulrians.com سید محمد علی کاظمی (۱۳) smak110@gmail.com
	۲۰۱۳ع	انگریزی ترجمہ	Dhaulrian Sadat Family Tree.
	۲۰۱۴ع	اردو و انگریزی	مرحومین کی تصاویر شامل کی گئیں۔

تصحیح اور اضافہ ہر تیسرے ماہ کیا جاتا ہے





مدون:

kazmi1947@gmail.com

+1 (630) 842 6509


لا إله إلا الله محمد رسول الله
علي ولي الله
وصي رسول الله وخليفته بلا فصل

سادات کاظمی

سیریل نمبر	نام بزرگ	صفحہ
۱	سید شہاب الدین کاظمی	۲۷
۲	سید مبارک علی کاظمی	۲۹
۳	سید مراد علی کاظمی	۳۱
۴	سید جعفر علی کاظمی	۳۳
۵	سید حسن علی کاظمی	۳۶
۶	سید احمد حسن کاظمی	۳۸
۷	سید باقر حسین کاظمی	۴۰
۸	سید تجمل حسین کاظمی	۴۲
۹	سید مظہر حسین کاظمی	۴۴
۱۰	سید نجیب علی کاظمی	۴۶
۱۱	سید زاہد حسین کاظمی	۴۸
۱۲	سید تہوّر علی کاظمی	۵۰
۱۳	سید مظفر علی کاظمی	۵۳
۱۴	سید ببر علی کاظمی	۵۷
۱۵	سید محمد حسین کاظمی	۵۹
۱۶	سید محمد علی کاظمی	۶۱
۱۷	سید محمد اکبر کاظمی	۶۴
۱۸	سید علی احمد کاظمی	۶۶
۱۹	سید علی اصغر کاظمی	۶۸
۲۰	سید علی حسین کاظمی	۷۰
۲۱	سید فیض الحسن کاظمی	۷۲
۲۲	سید وزارت حسین کاظمی	۷۴
۲۳	سید باقر علی کاظمی	۷۶
۲۴	سید قاسم علی کاظمی	۷۸
۲۵	سید سجاد حسین کاظمی	۸۰
۲۶	سید یعقوب علی کاظمی	۸۲
۲۷	سید محفوظ علی کاظمی	۸۴
۲۸	سید سید علی کاظمی	۸۵
۲۹	مولانا حکیم سید نظیر حسین کاظمی	۸۶
۳۰	سید غلام حیدر کاظمی	۸۹
۳۱	سید ذولفقار حسین کاظمی	۹۰
۳۲	حکیم سید غلام مصطفیٰ کاظمی	۹۳
۳۳	سید نیاز حسین کاظمی	۹۵
۳۴	سید علی صغیر کاظمی	۹۷
۳۵	سید وصی محمد کاظمی	۹۹
۳۶	سید لیاقت حسین کاظمی	۱۰۱
۳۷	سید علی اختر کاظمی	۱۰۳
۳۸	سید کلب علی کاظمی	۱۰۵
۳۹	سید محمد ماہ کاظمی	۱۰۶
۴۰	سید ضامن علی کاظمی	۱۰۷
۴۱	سید اکبر علی کاظمی	۱۰۹
۴۲	سید بنیاد علی کاظمی	۱۱۱
۴۳	سید پرورش علی کاظمی	۱۱۳
۴۴	سید علی رضا کاظمی	۱۱۵
۴۵	سید مشہود حسین کاظمی	۱۱۷
۴۶	سید آغا حسین کاظمی	۱۱۹
۴۷	سید علی نجف کاظمی	۱۲۱
۴۸	سید آغا باقر کاظمی	۱۲۳
۴۹	سید آغا جعفر کاظمی	۱۲۵
۵۰	سید حسن محمد کاظمی	۱۲۷
۵۱	سید دلدار علی کاظمی	۱۲۹
۵۲	سید مصطفےٰ حسین کاظمی	۱۳۱
۵۳	سید لیاقت حسین کاظمی	۱۳۳
۵۴	سید عشرت حسین کاظمی	۱۳۵
۵۵	سید رضی محمد کاظمی	۱۳۷
۵۶	سید اعجاز حسین کاظمی	۱۳۹
۵۷	سید مسعود حسین کاظمی	۱۴۱
۵۸	سید تفضل حسین کاظمی	۱۴۳
۵۹	مولانا سید حبیب حسین کاظمی	۱۴۵
۶۰	سید حیدر حسین کاظمی	۱۴۷
۶۱	سید ظہور حسن کاظمی	۱۴۹
۶۲	سید ذاکر حسین کاظمی	۱۵۱
۶۳	حکیم سید شمشاد حسین کاظمی	۱۵۳
۶۴	سید شرافت حسین کاظمی	۱۵۵
۶۵	سید حشمت حسین کاظمی	۱۵۷
۶۶	سید مختار احسن کاظمی	۱۵۹
۶۷	سید علی احسن کاظمی	۱۶۱
۶۸	سید سید حسین کاظمی	۱۶۳
۶۹	حکیم سید ظہیر مصطفےٰ کاظمی	۱۶۵
۷۰	سید مظفر حسین کاظمی	۱۶۷
۷۱	حکیم سید ذوالفقار حیدر کاظمی	۱۷۰
۷۲	سید اصطفےٰ حسین کاظمی	۱۷۲
۷۳	سید دبیر حسین کاظمی	۱۷۴
۷۴	سید شفقت حسین کاظمی	۱۷۷
۷۵	سید محمد مہدی کاظمی	۱۷۹
۷۶	سید علی محمد کاظمی	۱۸۱
۷۷	سید علی اوسط کاظمی	۱۸۳
۷۸	سید علی اطہر کاظمی	۱۸۵
۷۹	سید حسن مجتبیٰ کاظمی	۱۸۷
۸۰	سید منور حسین کاظمی	۱۸۹
۸۱	سید حامد حسن کاظمی	۱۹۱
۸۲	سید صداقت حسین کاظمی	۱۹۳
۸۳	سید سعیدالحسن کاظمی	۱۹۵
۸۴	سید عظمت حسین کاظمی	۱۹۷
۸۵	سید محمد سبطین حسین کاظمی	۱۹۹
۸۶	سید علی اسد کاظمی	۲۰۱
۸۷	مولانا سید شرافت حسین کاظمی	۲۰۳
۸۸	سید مظاہر حسین کاظمی	۲۰۵
۸۹	سید عطا حسین کاظمی	۲۰۶
۹۰	سید شاکر حسین کاظمی	۲۰۷

سادات کاظمی

سیریل نمبر	نام بزرگ	صفحہ
۹۱	سید سعید اختر کاظمی	۲۰۹
۹۲	سید پرورش علی کاظمی	۲۱۱
۹۳	سید غضنفر حسین کاظمی	۲۱۳
۹۴	سید علی صفدر کاظمی	۲۱۵
۹۵	سید ممتاز حسین کاظمی	۲۱۷
۹۶	سید نایاب حسین کاظمی	۲۱۹
۹۷	سید توسل حسین کاظمی	۲۲۱
۹۸	سید ولایت حسین کاظمی	۲۲۳
۹۹	سید احمد علی کاظمی	۲۲۵
۱۰۰	سید عباس حسین کاظمی	۲۲۶
۱۰۱	سید علی ظفر کاظمی	۲۲۸
۱۰۲	سید نفیس حسن کاظمی	۲۳۰
۱۰۳	سید ولایت حسین کاظمی	۲۳۲
۱۰۴	سید زمرد حسین کاظمی	۲۳۴
۱۰۵	سید علی کوثر کاظمی	۲۳۶
۱۰۶	سید علی اشرف کاظمی	۲۳۸
۱۰۷	سید محمد رضی حسن کاظمی	۲۴۰
۱۰۸	سید نذر حسن کاظمی	۲۴۲
۱۰۹	سید راحت حسین کاظمی	۲۴۴
۱۱۰	سید تصور حسین کاظمی	۲۴۶
۱۱۱	سید کامل حسین کاظمی	۲۴۸
۱۱۲	سید حمزہ علی کاظمی	۲۵۰
۱۱۳	سید تصنیف حسین کاظمی	۲۵۱
۱۱۴	سید عابد رضا کاظمی	۲۵۲
۱۱۵	سید ابن حسن کاظمی	۲۵۳
۱۱۶	سید یعقوب حسین کاظمی	۲۵۵
۱۱۷	سید محمد مستحسن کاظمی	۲۵۷
۱۱۸	سید اسد حسین کاظمی	۲۵۹
۱۱۹	سید بشیر حسین کاظمی	۲۶۱
۱۲۰	حکیم سید وزیر حسین کاظمی	۲۵۳

سادات زیدی

سیریل نمبر	نام بزرگ	صفحہ
۱	سید کرم حسین زیدی	۲۶۷
۲	مولانا سید محمد قاسم زیدی	۲۶۹
۳	سید لیاقت حسین زیدی	۲۷۱
۴	سید محمد عالم زیدی	۲۷۳
۵	سید محمد کاظم زیدی	۲۷۵

سادات جعفری

سیریل نمبر	نام بزرگ	صفحہ
۱	سید علی جعفری	۲۷۹

سیریل نمبر	نام بزرگ	صفحہ	سیریل نمبر	نام بزرگ	صفحہ	سیریل نمبر	نام بزرگ	صفحہ
۲	سید منیر علی تقوی	۲۸۴	۱	سید محمد موسوی	۳۱۲			
۳	سید محمد حسین تقوی	۲۸۶	۲	سید سید حسن موسوی	۳۱۴			
۴	سید معصوم علی تقوی	۲۸۸						
۵	سید جعفر حسین تقوی	۲۹۰						
۶	مولانا سید محمد اشرف تقوی	۲۹۲						
۷	مولانا سید صغیر حسین تقوی	۲۹۴						
۸	حاجی سید ابرار حسین تقوی	۲۹۶						
۹	سید محمد حسنین تقوی	۲۹۹						
۱۰	سید زاہد حسین تقوی	۳۰۱						
۱۱	سید ساجد حسین تقوی	۳۰۴						
۱۲	سید یوسف علی تقوی	۳۰۶						

صفحات نمبر شجرہ مطبوعہ ۱۹۴۹ء و ۱۹۸۹ء مطابق سیریل نمبر ۲۰۲۶ء

نام بزرگ	صفحہ نمبر مطابق ۱۹۴۹ء	صفحہ نمبر مطابق ۱۹۸۹ء	سیریل نمبر مطابق ۲۰۲۶ء
سادات کاظمی			
سید شہاب الدین کاظمی	۲	۹	۱
سید دلدار علی کاظمی عرف للو	۳	۱۰	۵۱
سید مبارک علی کاظمی عرف چھنگا	۳	۱۰	۲
سید مراد علی کاظمی	۴	۱۱	۳
سید جعفر علی کاظمی	۵	۱۲	۴
سید حسن علی کاظمی	۶	۱۳	۵
سید احمد حسن کاظمی	۷	۱۴	۶
سید باقر حسین کاظمی	۷	۱۴	۷
سید مظہر حسین کاظمی	۸	۱۵	۹
سید نجیب علی کاظمی	۹	۱۶	۱۰
سید ابن حسن کاظمی	۹	۱۶	۱۱۵
سید زاہد حسین کاظمی	۹	۱۶	۱۱
سید تہور علی کاظمی	۱۰	۱۷	۱۲
سید ببر علی کاظمی	۱۱	۱۸	۱۴
سید محمد حسین کاظمی	۱۱	۱۸	۱۵
سید محمد علی کاظمی عرف میاں محمدی	۱۲	۱۹	۱۶
سید محمد اکبر کاظمی	۱۳	۲۰	۱۷
سید عباس حسین کاظمی / سید محمد عباس	۱۴	۲۱	۱۶
سید علی اصغر کاظمی	۱۴	۲۱	۱۹
سید علی صغیر کاظمی	۱۴	۲۱	۳۴
سید علی کبیر کاظمی	۱۴	۲۱	۱۶
سید ولایت علی کاظمی	۱۴	۲۱	۱۶
سید علی حسین کاظمی	۱۵	۲۲	۲۰
سید علی احمد کاظمی	۱۵	۲۲	۱۸
سید فیض الحسن کاظمی عرف فیضو	۱۶	۲۳	۲۱
سید باقر علی کاظمی	۱۷	۲۴	۲۳
سید قاسم علی کاظمی	۱۸	۲۵	۲۴
سید مہربان علی کاظمی	۱۹	۲۶	۲۶
سید آفتاب علی کاظمی	۱۹	۲۶	۲۶
سید محفوظ علی کاظمی	۲۰	۲۷	۲۷
سید حمزہ علی کاظمی	۲۱	۲۸	۱۱۲
سید جعفر حسین عرف چھجو	۲۱	۲۸	-
سید مجتہد علی کاظمی	۲۱	۲۸	۲۸
سید غلام حیدر کاظمی	۲۲	۲۹	۳۰
سید آغا حسین کاظمی	۲۳	۳۰	۴۶

نام بزرگ	صفحہ نمبر مطابق ۱۹۴۹ء	صفحہ نمبر مطابق ۱۹۸۹ء	سیریل نمبر مطابق ۲۰۲۶ء
سید سجاد حسین کاظمی	۲۳	۳۰	۳۱
حکیم سید غلام مصطفیٰ کاظمی	۲۴	۳۱	۳۲
سید وقار حسین کاظمی	۲۵	۳۲	۳۰
سید نیاز حسین کاظمی	۲۵	۳۲	۳۳
سید ممتاز حسین کاظمی	۲۵	۳۲	۹۵
سید شوکت حسین کاظمی	۲۵	۳۲	۳۰
سید ایوب حسین کاظمی	۲۶	۳۳	۳۰
سید لیاقت حسین کاظمی	۲۶	۳۳	۳۶
سید یعقوب حسین کاظمی	۲۶	۳۳	۱۱۶
سید کلب علی کاظمی	۲۷	۳۴	۳۸
سید محمد ماہ کاظمی	۲۷	۳۴	۳۹
سید اکبر حسین کاظمی / سید اکبر علی	۲۷	۳۴	۴۱
سید علی میر کاظمی	۲۸	۳۵	۶۸
سید محمد تقی کاظمی	۲۸	۳۵	۴۱
سید احمد علی کاظمی	۲۹	۳۶	۹۹
سید احسان علی کاظمی	۲۹	۳۶	۳۸
سید اولاد علی کاظمی	۳۰	۳۷	۳۸
سید پرورش علی کاظمی	۳۰	۳۷	۴۳
سید بنیاد علی کاظمی	۳۰	۳۷	۴۲
سید سلطان علی کاظمی	۳۱	۳۸	۲۷
سید اشرف علی کاظمی	۳۱	۳۸	۸۹
سید علی اعظم کاظمی عرف گھسیٹا	۳۱	۳۸	۲۷
سادات تقوی			
سید محمود تقوی	۳۲	۳۹	۲ -- ۱
سید محمد حسین تقوی	۳۲	۳۹	۳
سید محمد حسنین تقوی	۳۳	۴۰	۹
مولوی سید صغیر حسین تقوی	۳۳	۴۰	۷
سید محمد اشرف تقوی	۳۳	۴۰	۶
سید یوسف علی تقوی	۳۳	۴۰	۱۲
سید معصوم علی تقوی	۳۴	۴۱	۴
سید جعفر حسین تقوی عرف چھجو	۳۴	۴۱	۵
سادات زیدی			
سید کرم حسین زیدی	۳۵	۸	۱
سادات موسوی (کاظمی)			
سید محمد موسوی (کاظمی)	-	۶۸	۱

سنہ ۲۰۱۲ع

"شجرۂ سادات رسولپور دھولڑی" سادات کاظمی، سادات زیدی، سادات جعفری اور سادات تقوی کی تفاصیل پر مشتمل ہے جنہوں نے ۱۶۶۹ع مطابق ۱۰۸۰ھ اور اسکے بعد رسولپور دھولڑی میں سکونت اختیار کی۔

شجرہ میں میری دلچسپی کا آغاز تو ۱۹۶۰ع کی دہائی میں اس وقت ہوگیا تھا جب میرے تایا سید مشرف علی کاظمی (۱۳) جنہوں نے میری پرورش کی تھی خیرپور میں تنظیم المومنین کے نام سے ایک انجمن تشکیل دی اور دھولڑی کے بزرگوں کو مدعو کیا جن میں سید وصی محمد کاظمی (۳۵) اور سید مشبر حسین کاظمی (۷۰) کے نام میری یاد داشت میں محفوظ ہیں۔ اس انجمن کے دیگر اغراض و مقاصد میں سے ایک مقصد شجرہ کی ترتیب بھی تھا۔ اس انجمن کے ماہانہ اجلاس ہمارے گھر ہوا کرتے تھے جس میں مجھے حاضرین کی خدمت میں چائے پیش کرنے کا اعزاز حاصل رہا۔ نامعلوم وجوہات کی بنا پر شجرہ مرتب نہ کیا جاسکا۔ سید مشرف علی کاظمی اگر حیات ہوتے تو آج اپنے مقصد کی تکمیل پر کتنا خوش ہوتے۔ اللہ تعلیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جوار معصومین علیہ السلام میں اعلیٰ مقام عنایت فرمائے۔ آمین یا رب العالمین۔

یہ شجرہ قلمی نسخوں کی شکل میں بزرگان دھولڑی کے پاس محفوظ تھا۔ "شیعہ ینگ سوسائٹی، رسولپور دھولڑی، ضلع میرٹھ" نے ۱۹۴۹ع میں ہندوستان سے شائع کیا۔ اس شجرہ کی فوٹو کاپی سید مشہود حسین کاظمی (۴۵) نے کراچی میں مجھے دی۔ یہ پہلی مرتبہ تھا کہ اپنا شجرہ تحریری طور پر میری نظر سے گزرا اور شجرہ میں میری دلچسپی کو مزید ترغیب ملی۔

انجمن سادات رسولپور دھولڑی، راولپنڈی، پاکستان کے زیر اہتمام ۱۹۸۹ع میں اسکی تجدید کی گئی اور پاکستان میں موجود افراد کے نام شامل کئے گئے۔ سید علی اطہر کاظمی جو ۱۹۸۹ع کے شجرے کے روح رواں رہے ہیں کراچی تشریف لائے تو شجرہ کا ایک مطبوعہ نسخہ مجھے بھی عنایت کیا۔ اللہ تعلیٰ سید علی اطہر کاظمی صاحب کو صحت و سلامتی عطا فرمائے۔

میری خواہش تھی کہ اس شجرہ کو جدید شکل میں کمپیوٹر پر بنایا جائے، کئی برس کی محنت کے بعد اللہ کا شکر ہے کہ آج ۱۷ جولائی ۲۰۱۲ع کو یہ مسودہ ''مسیساگا، کینڈا'' میں تکمیل کو پہنچا، میرے بیٹے سید محمد علی کاظمی (۱۳) نے ویب سائٹ https://www.dhaulrians.com **بنائی اور انٹرنیٹ پر سہولت فراہم کی تاکہ دنیا بھر میں اہالیان رسولپور دھولڑی شجرہ سے مستفیض ہوسکیں۔ نوک پلک درست کرنے کا کام جاری رہیگا۔ ۱۹۴۹ع اور ۱۹۸۹ع کے شجروں کی مکمل تصاویر (پی ڈی ایف) ویب سائٹ پر دیکھی جاسکتی ہیں۔**

نئی نسل کے بہت سے نام جو ہندوستان، پاکستان، امریکہ، کینڈا اور دیگر ممالک میں مقیم ہیں شامل کرلئے گئے ہیں جو رہگئے ہیں معلومات دستیاب ہونے کے ساتھ شامل ہوتے رہیں گے۔ سادات رسولپور دھولڑی سے تعلق رکھنے والے تمام خواتین و حضرات سے گزارش ہے کہ شجرہ کی اصلاح اور تجدید کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار ضرور کریں تاکہ کسی بھی کمی کی نشاندہی ہوسکے۔

جن خواتین و حضرات کے نام شجرہ میں شامل نہیں وہ اپنا اور اپنے متعلقین کے نام اپنے اجداد کے حوالے سے مع اپنا پتہ اور فون نمبر ای میل کردیں، نام شامل ہوجائیں گے ویب سائٹ پر فارم بھی موجود ہے جس کے ذریعے تفاصیل بھیجی جاسکتی ہیں۔ اگر آپ اپنا یا اپنے کسی عزیز یا بزرگ کا کوئی اہم واقعہ یا تعارف شامل کرنا چاہیں تو ضرور بھیجیں تاکہ اس شجرہ کی زینت و اہمیت میں اضافہ ہوسکے ۔

سید حبیب ابن مظاہر کاظمی (۱۳)

مختصر تاریخ رسولپور دھولڑی

بحوالہ شجرۂ سادات رسولپور دھولڑی ۱۹۴۹ع .. و .. ۱۹۸۹ع

سید سلطان محمد کاظمی رومی صاحب سنہ ۴۳۰ھ مطابق ۱۰۳۹ع میں سلطان محمود غزنوی کے دور حکومت میں روم سے ہندوستان تشریف لائے اور قصبہ برناوہ، تحصیل سردھنہ، ضلع میرٹھ میں سکونت اختیار کی۔ آپکے اخلاف میں سے سید شہاب الدین کاظمی شاہجہاں بادشاہ کے عہد میں قلعہ میرٹھ کے کمانڈر ہوئے جسکی وجہ سے اکثر دربار شاہی میں شرکت کیلئے دہلی جانا ہوتا۔ برناوہ سے براہ راست دہلی جانے میں مشکلات پیش آتی تھیں۔ برناوہ اور دہلی کے درمیان موضع رسولپور واقع ہے جو انتہائی سرسبز و شاداب اور پھلوں کی پیداوار میں پورے ہندوستان میں مشہور ہے، آپ دوران سفر یہاں قیام کرتے۔ آپکو یہ جگہ پسند آئی اور سنہ ۱۰۸۰ھ مطابق ۱۶۶۹ع میں مع اہل و عیال و دیگر افراد خاندان اور ملازمین و خدمت گاروں کے یہیں سکونت اختیار کرلی۔
سید صاحب نے اپنے عسکری تجربات کی روشنی میں ایک وسیع و عریض قطعۂ زمین پر پختہ چہار دیواری کے اندرکچھ عمارتیں تعمیر کرائیں جسے "کوٹ" کا نام دیا گیا۔ چہار دیواری کے ہر کونے پر ایک برج اور ہر برج کے نیچے ایک تہخانہ بنایا گیا اور پختہ سرنگوں کے ذریعہ راستے آمد ورفت بنائے گئے۔ کوٹ میں ہی ایک عمارت بنام ''دیوان خانہ'' بھی تعمیر ہوئی جس کے تہخانے میں ایک خاندان کی رہائش کیلئے تمام سہولیات فراہم کی گئیں۔ دیوان خانے میں ایک چاہ پختہ بھی تعمیر کرایا جسے تہخانوں سے پانی کی فراہمی کیلئے زیر زمین پختہ سرنگوں کے ذریعہ منسلک کیا گیا۔

یہ عمارت بنام کوٹ اتنی وسیع و عریض ہے کہ اس کے احاطہ میں دو سو سال تک سید صاحب کی تمام اولاد اور دیگر خاندان سادات جو برناوہ سے ترک وطن کرکے رسولپور دھولڑی آتے رہے اسی ''کوٹ'' میں آباد ہوئے، اس عمارت کے آثار آج بھی موجود ہیں۔ آبادی میں اضافہ ہونے کے بعد کوٹ کے باہر بھی تعمیرات شروع ہوگئیں۔

اس موضع کا اصل نام ''رسولپور'' ہے۔ سید شہاب الدین کاظمی صاحب نے جب یہاں قلعہ نما "کوٹ" کی عمارت تعمیر کرائی اوراس پر سفید رنگ کیا گیا تو لوگوں نے اسے ''دھولا گڑھی'' کہنا شروع کردیا ۔ دھولا، سفید اور گڑھی، چھوٹے قلعہ کو کہتے ہیں جو رفتہ رفتہ دھولا گڑھی سے دھولڑی ہوگیا اور "رسولپور دھولڑی" کے نام سے مشہور ہوا۔

سید صاحب نے موضع مذکور کے علاوہ بھی کئی مواضعات بنام ناتو ، فتح پورسیکری ، مکرمت پور اور بہاراپور آباد کئے اور ہندو قوموں کو بھی بسایا۔

جامعہ مسجد رسولپور دھولڑی


تصویر بشکریہ سید نادر نقوی



مسجد اثناء عشری موضع نانو فتح پور

یہ موضع رسولپور دھولڑی سے متصل ہے۔ اس مسجد کی دیکھ بھال اور مرمت کا کام بھی مومنین دھولڑی کی ذمہ داری ہے اور اس روایت کو مومنین نے بخوبی برقرار رکھا ہوا ہے۔ شیعہ ینگ سوسائٹی، رسولپور دھولڑی کی جانب سے مسجد کی اندرونی دیوار پر ایک کتبہ نصب ہے جس پر ۱۹۳۷ع مطابق ۱۳۵۶ھ کندہ ہے۔ تصاویر بشکریہ سید منتظر مہدی کاظمی (۵۳)





مزار سید سلطان محمد کاظمی

قصبہ برناوہ ، تحصیل سردھنہ ، ضلع میرٹھ ، یو پی ، انڈیا





تصاویر بشکریہ سید محمد ضیاء کاظمی (۱۱۱)

بزرگان رسولپور دھولڑی



کرسی نشینوں کے پیچھے کھڑے ہوئے بائیں سے پانچویں سید ہادی حسین کاظمی (۲۴) آخری قطار میں بائیں سے دوسرے سید حامد حسن کاظمی (۸۱)
اگر کوئی صاحب اس تصویر میں موجود مزید افراد کی نشاندہی کرسکیں تو نوازش ہوگی .
اندازہ ہے کہ یہ تصویر اس دور کی ہوگی جب تحریک پاکستان کے رہنما نگر نگر قریہ قریہ جاکر مسلمانوں میں ایک علحدہ وطن کا شعور اجاگر کر رہے تھے مسلم لیگ کے اس وفد کو سید ہادی حسین کاظمی اور انکے رفقاء نے رسولپور دھولڑی میں دعوت دیکر مسلمانوں کی حمایت کا یقین دلایا ہوگا۔
تصویر بشکریہ سید حسن عالم کاظمی (۸۱)

بزرگان رسولپور دھولڑی



لیٹے ہوئے:۔ عاقل حسین کاظمی و افضل حسین کاظمی، (۵۶)
کرسی نشیں بائیں طرف سے:۔ ۱۔ عادل حسین کاظمی، (۵۶)۔ ۲۔ عارف حسین کاظمی، (۲۳)۔ (۳ اور ۴ نامعلوم)۔ ۵۔ اعجاز حسین کاظمی، (۵۶)
داہنی طرف سے کھڑے ہوئے:۔ ۱۔ سلطان۔ ۲۔ انصار حسین تقوی، (۸)
پس منظر مکان سید ہادی حسین کاظمی
یہ تصویر اور نام سید علی قنبر کاظمی صاحب (۱۹) کی کاوش کا نتیجہ ہیں اگر کوئی صاحب اس تصویر میں موجود مزید افراد کی نشاندہی کر سکیں تو نوازش ہوگی۔



کرسی نشیں دابنی طرف سے سید حامد حسن کاظمی ۔ سید منظور حسن کاظمی ۔ سید رفیق حسین کاظمی ۔ سید سلطان حسن کاظمی (۵۸)
تصویر بشکریہ سید حسن عالم کاظمی (۸۱)

بزرگان رسولپور دھولڑی



بیٹھے ہوئے (درمیان میں) سید ثروت حسین کاظمی (۳۱)
.(دائیں جانب) سید فرحت حسین کاظمی (۳۱)
کھڑے ہوئے (درمیان میں) سید رفعت حسین کاظمی (۳۱)
اگر کوئی صاحب بقیہ تین افراد کے نام بھی بتاسکیں تو عنایت ہوگی۔
تصویر بشکریہ سید ارشد عظیم کاظمی (۳۱)

بزرگان رسولپور دھولڑی

رسولپور دھولڑی میں کچھ ایسے گھرانوں نے بھی سکونت اختیار کی جن کے اجداد کا تعلق ہندوستان کے مختلف علاقوں سے تھا
قرابت داریاں بڑھیں تو اسی کو وطن مالوف قرار دے لیا۔



سید شاہد حسین کاظمی
ابن سید محمد حسین کاظمی (دہلی)
اہلیہ سیدہ کلثوم فاطمہ کاظمی
بنت سید دبیر حسین کاظمی (۷۳)
پیدائش: ۳۱ دسمبر ۱۹۴۳ع
مطابق ۳ محرم ۱۳۶۳ھ
وفات: ۱۲ مئی ۲۰۱۲ع (کراچی)
مطابق ۲۰ جمادی الثانی ۱۴۳۳ھ
تصویر بشکریہ سید منہاج حسین کاظمی
ابن سید شاہد حسین کاظمی



حکیم سید آل حسن رضوی
ابن سید فضل حسن رضوی (میرٹھ)
اہلیہ سیدہ عزیز فاطمہ کاظمی
بنت سید وزارت حسین کاظمی (۲۲)
پیدائش: مئی ۱۹۱۷ع مطابق رجب ۱۳۳۵ھ
وفات: ۲۵ ستمبر ۱۹۸۴ع (خیرپور)
مطابق ۲۹ ذی الحج ۱۴۰۴ھ
تصویر بشکریہ علامہ سید ابولحسن رضوی
ابن حکیم سید آل حسن رضوی



وصی ''جنگ بہادر''
برطانوی فوج میں صوبیدار تھے،
دوسری جنگ عظیم میں بہادری کے صلہ میں
جنگ بہادر کا خطاب حاصل کیا۔
تصویر بشکریہ سید زائر حسین کاظمی (۲۱)



سید آل حسین زیدی عرف چھنو
ابن سید مبارک حسین زیدی (کیرانہ)
اہلیہ، سیدہ عابدہ خاتون تقوی
بنت سید صادق حسین تقوی (۵)
تصویر بشکریہ سید محمد عاطف زیدی (۱)



سید عشرت حسین نقوی
ابن سید ریاض حسن نقوی (عبداللہ پور)
تصویر بشکریہ سید علی کوکب کاظمی (۳۷)

یادگار دستاویز: ۱۰ جون ۱۸۷۹ع کی قدیم دستاویز پر بزرگان رسولپور دھولڑی کے دستخط ملاحظہ فرمائیے.

سید سکندر علی کاظمی ابن سید پرورش علی کاظمی (۴۳)
سید اقبال حسین کاظمی ابن سید علی بخش کاظمی (۲۷)
سید دلدار علی کاظمی ابن سید نواب علی کاظمی (۵۱)
سید فرخند علی کاظمی ابن سید سید حسین کاظمی (۶۸)


یہ دستاویز میرے پردادا سید تہور علی کاظمی ابن سید فرزند علی کاظمی (۱۲) اور سید سکندر علی کاظمی ابن سید پرورش علی کاظمی (۴۳) کے مابین ۱۰ جون ۱۸۷۹ع کو کسی جائداد کی خرید و فروخت کیلئے تحریر کی گئی جسکی قیمت اس وقت ستر روپئے تھی ۔ (سید حبیب ابن مظاہر کاظمی ۱۳)




CAN NOT BE USED FOR ANY LITIGATION

سید مظاہر حسین کاظمی ابن سید مظفر علی کاظمی
کی شہادت سے چار روز قبل آخری تحریر

۹۔ ستمبر ۱۹۴۷ع مطابق ۲۳ شوال ۱۳۶۶ھ بروز منگل بعمر ۳۵ سال اپنی پانچ سالہ بیٹی کنیز اصغر کے ساتھ تقسیم پاک و ہند کے فورا" بعد فسادات میں سینکڑوں مسلمانوں کے ہمراہ پہاڑ گنج دہلی میں شہید کردئے گئے اور مکان و دکان کا مال و اسباب لوٹ لیا گیا۔ (۱۳)






سید مشرف علی کاظمی (۱۳) نے یہ خط سید آغا محمد کاظمی (۴۸) کےتعزیتی خط کے جواب میں۱۰اکتوبر ۱۹۴۷ع کو لکھا تھا جو ان دنوں مراد آباد میں تھے۔ سید آغا محمد کاظمی کے صاحبزادہ سید صادق عباس کاظمی جو امریکہ میں رہتے ہیں کراچی گئے تو وہاں انہیں پرانے کاغزات میں سے ۷۸ سال پرانا یہ خط ملا جس نے سانحۂ ۹ ستمبر ۱۹۴۷ع پہاڑ گنج دہلی کے دلفگار واقعات میں کچھ اور اضافہ کردیا جن سے ہم ابھی تک لاعلم تھے۔
مظاہر حسین کاظمی تجارت کے سلسلہ میں دہلی میں مقیم تھے تقسیم برصغیر کے فورا"بعد فسادات شروع ہوگئے مسلمانوں کے ایک محلہ کا محاصرہ کرلیا گیا، اشیاء خورد و نوش ختم ہوگئیں تو نہتے مسلمان پناہ گاہوں سے باہر نکلنے پر مجبور ہوئے، مورچہ بند ظالموں نے چاروں طرف سے فائرنگ کردی جس سے سینکڑوں مسلمانوں کے ساتھ مظاہر حسین اور انکی پانچ سالہ بیٹی کنیز اصغر بھی چار دن کی بھوک پیاس کے عالم میں شہید ہوگئے دکان اور مکان کا سامان لوٹ لیا گیا۔ مظاہر حسین کے چھوٹے بھائی مجاہد حسین انکی اہلیہ اورمظاہرحسین کی بیوہ جوحاملہ تھیں سر برہنہ ننگے پاؤں۱۵ستمبر کو دھولڑی پنہچے۔ ساڑھے تین ماہ بعد پیدائش سے پہلے یتیم ہوجانے والے بچے کی ولادت ہوئی تو ایک بار پھر گھر میں کہرام مچ گیا ہوگا۔ نام اس یتیم کا حبیب ابن مظاہر (۱۳) رکھا گیا۔

بشکریہ سید صادق عباس کاظمی (۴۸) ۶ اگست ۲۰۲۵ع

۱۹۴۹ع



بسم اللہ الرحمن الرحیم

مثل کلمۃ طیبۃ کشجرۃ طیبۃ
اصلھا ثابت و فرعھا فی السماء

نسب نامہ
سادات رسولپور
دھولڑی ضلع میرٹھ
زیر اھتمام
شیعہ ینگ سوسائٹی رسولپور دھولڑی
۱۹۴۹ء
(جملہ حقوق محفوظ ہیں)

نسب نامہ سادات رسولپور دھولڑی ۱۹۴۹ع میں شیعہ ینگ سوسائٹی نے دھولڑی سے شائع کیا۔ یہ شجرہ ۳۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ اسکی مکمل پی ڈی ایف ویب سائٹ پر دیکھی جاسکتی ہے۔ یہ سادات دھولڑی کا پہلا شجرہ ہے جو کتابی شکل میں دستیاب ہوا۔

۱۹۸۹ع


نسب نامہ
سادات رسولپور دھولڑی
ضلع میرٹھ یوپی، برصغیر پاک و ہند
زیر اھتمام
انجمن سادات رسولپور دھولڑی
راولپنڈی (پاکستان)
نومبر ۱۹۸۹ء
(جملہ حقوق محفوظ ہیں)
ازطرف سید علی اطہر ابن سید علی اصغر
564211 آڈرہ روڈ راولپنڈی فون 555/24-A

انجمن سادات رسولپور دھولڑی، راولپنڈی، پاکستان کے زیر اہتمام ۱۹۸۹ع میں شجرہ کی تجدید کی گئی اور اس میں ہندوستان سے ہجرت کرکے پاکستان آنے والے اہالیان رسولپور دھولڑی کے نام شامل کئے گئے۔ یہ شجرہ ۷۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ اسکی بھی مکمل پی ڈی ایف ویب سائٹ پر دیکھی جاسکتی ہے۔

حضرات چہارده معصومین علیہ السلام

وربک یخلق ما یشاء و یختار ط ماکان لھم الخیرۃ ط . . . سورۃ القصص، آیۃ ۶۸

اور تمہارا پروردگار جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہےاور جسے چاہتا ہے منتخب کرتا ہے اور یہ انتخاب لوگوں کے اختیار میں نہیں ہے۔

انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا... سورۃ لاحزاب، آیۃ ۳۳

اے پیغمبر کے اہلبیت خدا تو بس یہ چاہتا ہے کہ تم سے (ہر طرح کی) برائی دور رکھے اور جو پاکیزہ رکھنے کا حق ہے ویسا پاک و پاکیزہ رکھے۔

قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ . . . سورۃ الشوریٰ، آیۃ ۲۳

(اے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) تم کہ دو کہ میں اس (تبلیغ رسالت) کا اپنے قرابت داروں (اہل بیت) کی محبت کے سوا تم سے کوئی صلہ نہیں مانگتا۔

نمبر شمار	اسم معصوم	لقب	والد ماجد	والدہ ماجدہ	تاریخ ولادت	جائے ولادت	تاریخ شہادت	قاتل لعین	جائے مدفن	عمر
۱	پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم	مصطفےٰ	حضرت عبداللہ علیہ السلام	حضرت آمنہ سلام اللہ علیہا	۱۷ربیع الاول ۱عام الفیل	مکہ معظمہ	۲۸صفر سنہ ۱۱ ہجری	---	مدینہ منورہ	۶۳
۲	ام الائمہ حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا	زہرا	حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم	حضرت خدیجۃ الکبریٰ سلام اللہ علیہا	۲۰جمادی الثانی ۵بعثت	مکہ معظمہ	۳جمادی الثانی سنہ ۱۱ ہجری	حاکم وقت	جنت البقیع	۱۸
۳	ابوالائمہ حضرت علی علیہ السلام	مرتضےٰ	حضرت ابوطالب علیہ السلام	حضرت فاطمہ بنت اسد سلام اللہ علیہا	۱۳رجب ۳۰عام الفیل	خانۂ کعبہ	۲۱رمضان سنہ ۴۰ ہجری	عبدالرحمان ابن ملجم	نجف اشرف	۶۳
۴	حضرت امام حسن علیہ السلام	مجتبےٰ	حضرت امام علی علیہ السلام	حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا	۱۵رمضان ۳ھ	مدینہ منورہ	۲۸صفر سنہ ۵۰ ہجری	جعدہ بنت اشعث	جنت البقیع	۴۸
۵	حضرت امام حسین علیہ السلام	سیدالشہدا	حضرت امام علی علیہ السلام	حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا	۳شعبان ۴ھ	مدینہ منورہ	۱۰محرم سنہ ۶۱ ہجری	شمر بحکم یزید	کربلاۓ معلیٰ	۵۷
۶	حضرت امام علی بن حسین علیہ السلام	زین العابدین	حضرت امام حسین علیہ السلام	حضرت شہر بانو سلام اللہ علیہا	۱۵جمادی الاول ۲۸ھ	مدینہ منورہ	۲۵محرم سنہ ۹۵ ہجری	ولید بن عبدالملک	جنت البقیع	۵۷
۷	حضرت امام محمد علیہ السلام	باقر	حضرت امام زین العابدین علیہ السلام	حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا بنت امام حسن علیہ السلام	یکم رجب ۵۷ھ	مدینہ منورہ	۷ذی الحجہ ۱۱۴ہجری	ہشام بن عبدالملک	جنت البقیع	۵۷
۸	حضرت امام جعفر علیہ السلام	صادق	حضرت امام محمد باقر علیہ السلام	حضرت ام فروہ سلام اللہ علیہا بنت قاسم	۱۷ربیع الاول ۸۳ھ	مدینہ منورہ	۱۵شوال ۱۴۸ھ	منصور دوانقی	جنت البقیع	۶۵
۹	حضرت امام موسیٰ علیہ السلام	کاظم	حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام	حضرت حمیدہ خاتون سلام اللہ علیہا	۷صفر ۱۲۸ھ	مدینہ منورہ	۲۵رجب ۱۸۳ھ	ہارون رشید	کاظمین	۵۵
۱۰	حضرت امام علی علیہ السلام	رضا	حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام	حضرت نجمہ خاتون سلام اللہ علیہا	۱۱ذیقعد ۱۵۳ھ	مدینہ منورہ	۲۳ذیقعد ۲۰۳ھ	مامون رشید	مشہد	۵۰
۱۱	حضرت امام محمد علیہ السلام	تقی	حضرت امام علی رضا علیہ السلام	حضرت خیزران خاتون سلام اللہ علیہا	۱۰رجب ۱۹۵ھ	مدینہ منورہ	۲۹ذیقعد ۲۲۰ھ	معتصم عباسی	کاظمین	۲۵
۱۲	حضرت امام علی علیہ السلام	نقی	حضرت امام محمد تقی علیہ السلام	حضرت سمانہ خاتون سلام اللہ علیہا	۵رجب ۲۱۴ھ	مدینہ منورہ	۳رجب ۲۵۴ھ	معتض باللہ	سامرا	۴۲
۱۳	حضرت امام حسن علیہ السلام	عسکری	حضرت امام علی نقی علیہ السلام	حضرت حدیثہ خاتون سلام اللہ علیہا	۱۱ربیع الثانی ۲۳۲ھ	مدینہ منورہ	۸ربیع الاول ۲۶۰ھ	معتمد عباسی	سامرا	۲۸
۱۴	حضرت امام محمد علیہ السلام	مہدی المنتظر	حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام	حضرت نرجس خاتون سلام اللہ علیہا	۱۵شعبان ۲۵۵ھ	سامرا	غیبت (سامرہ) ۲۶۰ھ	---	زندہ ہیں	زندہ ہیں

روضۂ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام
روضۂ حضرت امام محمد تقی علیہ السلام
کاظمین، عراق



فرزندان حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام ۔

۱	حضرت امام علی رضا علیہ السلام
۲	حضرت ابراہیم
۳	حضرت عباس
۴	حضرت قاسم
۵	حضرت اسمٰعیل
۶	حضرت جعفر
۷	حضرت ہارون
۸	حضرت حسن
۹	حضرت احمد
۱۰	حضرت محمد
۱۱	حضرت حمزہ
۱۲	حضرت عبداللہ
۱۳	حضرت اسحاق
۱۴	حضرت عبیداللہ
۱۵	حضرت زید
۱۶	حضرت فضل
۱۷	حضرت حسین
۱۸	حضرت سلیمان

مزار اقدس حضرت عبدالله

فرزند حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام - ساوہ، ایران



تصاویر بشکریہ ڈاکٹر سید حسن مہدی کاظمی (۹۶)

استاد محمد خراطی ساوجی (شاعر)



--- محمّد خراطی ساوجی ---

در مدح امامزاده عبدالله مدفون در آوه چنین می سراید:

کعبه اهـل صفـا خـــواهی دلا اینجاستی
چـــو حـــریم و بـــارگاه زاده مـوساستی
بـوی جنّت بر مشام جـان از این در می‌رسد
می‌تـــوان گفتن که اینجا جنّت المأواستی
هان مبین از خشت و گل این گنبد تا بنـده را
باشـــد از در و گهـــر گـر، دیده بینـــاستی
تا رســـیدی انـدر این درگه، دلا بنـما ادب
در بر اهـل نظـــر چـــون ســینه سیناستی
آســـتان بوس حـریـم اقدسش باشد ملک
خـــادم و خـــدمتگزارش آدم و حـواستی
آن‌چه می‌خواهی تو را بخشد ز احسان و کرم
چون که در جود و سخاوت شهره دنیاســتی
هســـت «عبدالله» نام و جد او باشد علـــی
نوگلـــی از بوســـتان حضـرت زهراستی
افتخارش بس همین معصومه باشد خواهرش
ثانی زهرا که در شـرم و حیـا یکتـاستی
ره ندارد کس در این درگه به جـز اهل ولا
کعـــبه اهل ولا گویم تو را اینجاســـتی
مدح او را کـــس نه بتواند بگوید جز خدا
چـــون که او از خـاندان و دودة طاهاستی
مفتخر گردیده «خراطی» به عالم چون که او
خـــادمی از خـــادمان درگـــه مولاستی

--- محمّد خراطی ساوجی ---

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱	**حضرت آدم علیہ السلام**	۳۰	**حضرت نزار** آپ نے عربی حروف تہجی ایجاد کئے۔	۵۳	**حضرت امام جعفرصادق علیہ السلام**
۲	**حضرت شیث علیہ السلام**	۳۱	**حضرت مضر** آپ نے کعبہ کی تعمیر نو کی۔	۵۴	**حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام**
۳	**حضرت انوش**	۳۲	**حضرت الیاس** آپکا پیدائشی نام حبیب تھا۔	۵۵	**حضرت عبداللہ** آپ کو عوکلانی بھی کہا گیا ہے۔ آپ کا مزار "ساوہ" نزد تہران، ایران میں ہے۔ شیخ طوسی نے آپ کو اصحاب امام علی رضا علیہ السلام میں شامل کیا ہے۔
۴	**حضرت قینان**	۳۳	**حضرت مدرکہ** آپ کا اصل نام عامر تھا۔		
۵	**حضرت مہلائیل**	۳۴	**حضرت خزیمہ**		
۶	**حضرت الیارد**	۳۵	**حضرت کنانہ** آپ کبھی اکیلے کھانا نہیں کھاتے تھے	۵۶	**سید امام حمام**
۷	**حضرت ادریس علیہ السلام** - آپ کا نام اخنوخ تھا	۳۶	**حضرت نضر** آپ کا اصل نام قیس تھا مورخین کا خیال ہے کہ آپ ہی کا لقب قریش تھاجنکی اولاد قبیلۂ قریش کہلانے لگی۔	۵۷	**سید عبدالمقتدر**
۸	**حضرت متو شلخ**			۵۸	**سید عبدالقادر**
۹	**حضرت لمک**	۳۷	**حضرت مالک** آپ کی کنیت ابوالحارث تھی۔	۵۹	**سید ہاشم**
۱۰	**حضرت نوح علیہ السلام**	۳۸	**حضرت فہر** - آپ کے زمانے میں کعبہ پر حملہ ہوا، فہر کی سربراہی میں اہل مکہ کو فتح حاصل ہوئی۔ آپ کے فرزند حارث اس جنگ میں شہید ہوئے۔	۶۰	**سید ابوالفتح**
۱۱	**حضرت سام**			۶۱	**سید یوسف** امتہ الیہ کہ درمصروروم سیدابراہیم بادشاہ بودند.
۱۲	**حضرت ارفخشد**			۶۲	**سید محمد بزرگ**
۱۳	**حضرت شالخ**	۳۹	**حضرت غالب** آپ اپنے والدکے بعدعرب قبائل کے سردار تھے	۶۳	**سید القاسم**
۱۴	**حضرت عابر**	۴۰	**حضرت لوی** آپ نے کعبہ کے نزدیک ایک کنواں کھودا جس کا نام عسرا تھا حاجی اس سے سیراب ہوتے تھے۔	۶۴	**سید ابوالخیر**
۱۵	**حضرت فانغ**			۶۵	**سید ابو سعید**
۱۶	**حضرت شروغ**	۴۱	**حضرت کعب** آپ بہت بڑے خطیب تھے، جمعہ میں خطبہ دیا کرتے تھے۔ رسول اکرم کی ولادت کی بشارت بھی آپ ہی نے دی تھی۔ اہل عرب جمعہ کو عروبہ کہتے تھے آپ نے عروبہ کو جمعہ سے بدلا۔	۶۶	**سید سلطان محمد کاظمی** ۴۳۰ھ مطابق ۱۰۸۰ع روم سے ملک ہندوستان کے صوبہ اترپردیش میں ضلع میرٹھ کی تحصیل سردھنہ کے قصبہ برناوہ میں آکر آباد ہوئے۔
۱۷	**حضرت ناحور**				
۱۸	**حضرت تارخ**				
۱۹	**حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ**			۶۷	**سید احمد شاہ یوسف ثانی**
۲۰	**حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ذبیح اللہ**	۴۲	**حضرت مرہ** آپ عرب قبائل کے سردار تھے۔	۶۸	**سید سعدالدین شاہ**
۲۱	**حضرت قیدار**	۴۳	**حضرت کلاب** آپ کا اصل نام حکیم تھا۔	۶۹	**سید اسحاق**
۲۲	**حضرت حمل**	۴۴	**حضرت قصی** آپ کا اصل نام زید تھا۔	۷۰	**سید بابو شاہ**
۲۳	**حضرت النبت**	۴۵	**حضرت عبد مناف**۔ آپکا اصل نام مغیرہ تھا، آپکی اولاد میں ہاشم اور عبدالشمس جڑواں تھے ایک کا ہاتھ دوسرے کی پیشانی سے جڑا ہوا تھا جسے تلوار سے جدا کیا گیا۔	۷۱	**سید عالم بزرگ**
۲۴	**حضرت سلامان**			۷۲	**سید عبدالکریم**
۲۵	**حضرت الھمسج**			۷۳	**سید عالم ثانی**
۲۶	**حضرت الیسع**	۴۶	**حضرت ہاشم**، آپکو سیدالبطحا بھی کہا جاتا تھا۔	۷۴	**سید عبدالمالک**
۲۷	**حضرت اد**	۴۷	**حضرت عبدالمطلب**، آپکو شیبۃالحمد کہا جاتا تھا۔	۷۵	**سید یعقوب**
۲۸	**حضرت عدنان**۔ آپ کی پیشانی پر نور نمایاں تھا کہ آخری نبی انہی کی نسل سے ہوگا، بہترین شمشیر زن تھے آپ ہی نے پہلی مرتبہ خانۂ کعبہ پر غلاف چڑھایا۔	۴۸	**حضرت ابوطالب علیہ السلام**، آپ کا نام عمران تھا۔	۷۶	**سید مغیث**
		۴۹	**حضرت امام علی ابن ابیطالب علیہ السلام**	۷۷	**سید عمیر**
		۵۰	**حضرت امام حسین علیہ السلام**	۷۸	**سید احمد**
۲۹	**حضرت معد**۔ بہت بہادر اور جنگجو تھے۔ انہوں نے سب سے پہلے اونٹ کے کوہان پر پالان رکھا۔	۵۱	**حضرت امام زین العابدین علیہ السلام**	۷۹	**سید شہاب الدین کاظمی** ۱۰۸۰ھ مطابق ۱۶۶۹ع برناوہ سے رسولپور دھولڑی تشریف لائے۔
		۵۲	**حضرت امام محمد باقر علیہ السلام**		

حوالہ:- (حضرت آدم تا حضرت عبداللہ) کتاب مدرک الطالب فی نسب آل ابی طالب الموسوم بہ معارف الانساب (کریم پبلیکیشنز، لاہور ۲۰۱۷ع)



ستمبر ۲۰۲۶ع - شمارہ ۸۶

سادات کاظمی

شجرۂ سادات رسولپور دھولڑی

ضلع میرٹھ ، یو پی، انڈیا

https://www.dhaulrians.com

kazmi1947@gmail.com


smak110@gmail.com

سید منتظر مہدی کاظمی (۵۳)

ہے آج میری نظم کا عنوان دھولڑی
ہے سینکڑوں ہزاروں کی پہچان دھولڑی
جس سمت دیکھو سبزہ ہی سبزہ دکھائی دے
کتنی حسیں ہے تیری یہ شان دھولڑی
باغوں کی چھاؤں آم کی خوشبو فضاؤں میں
قدرت ہے تجھ پہ خاص مہربان دھولڑی
آموں کے باغ دیتے ہیں اسکو الگ مقام
لگتی ہے اک مہکتا گلستان دھولڑی
لوکاٹ ہوں کہ لیچی ہوں آڑو ہوں یا ہوں آم
آتا ہے انکو کھانے ہر انسان دھولڑی
رہتے ہیں لوگ پیار سے اک دوسرے کے ساتھ
امن و اماں سکوں کی نگہبان دھولڑی
آتا ہے جب افق پہ محرم کا ماہتاب
سرور پہ ہونے لگتی ہے قربان دھولڑی
مشہور دھولڑی کا محرم ہے دور تک
آتے ہیں دور دور سے مہمان دھولڑی
یہ زیارتیں یہ تعزیے یہ مجلس و جلوس
ہے مومنوں کے واسطے ذیشان دھولڑی
ہوتی ہے جیسے عید شجاع کی بھی دھوم دھام
ہے وہ بھی منفرد تری پہچان دھولڑی
دنیا کے شور سے جو زرا دور لے چلیں
دلکش ہے تیرے مردوں کا ایوان دھولڑی
اہل وطن کہیں بھی پریشان ہوں اگر
ہوتی ہے انکو لیکے پریشان دھولڑی
کرتا ہے بیچ بیچ میں جب کوئی شر کی بات
ہوتی ہے اسکو لیکے بھی حیران دھولڑی
رب سے دعا ہے چین و سکوں چار سو رہے
قائم رہے سدا ترا عرفان دھولڑی
تقسیم ہند و پاک میں جو گھر اجڑ گئے
رہتی ہے انکے غم میں بھی سنسان دھولڑی
شجرہ کو لیکے جو ہیں تری کاوشیں حبیب
بھولے گی نا کبھی ترا احسان دھولڑی
یوں تو ہیں اس جہان میں رعنائیاں بہت
پر منتظر کی آج بھی ہے جان دھولڑی

کسی کا کندہ نگینے پہ نام ہوتا ہے
کسی کی عمر کا لبریز جام ہوتا ہے
عجب سرا ہے یہ دنیا کہ جس کی شام و سحر
کسی کا کوچ کسی کا مقام ہوتا ہے
مرزا سلامت علی دبیر

نقش ماضی کے جو باقی ہیں مٹا مت دینا
یہ بزرگوں کی امانت ہے گنوا مت دینا
اقبال عظیم




سیریل نمبر
۱

صفحہ
۲۷

مزار سید ناصرعلی کاظمی ابن سید شہاب الدین کاظمی، رسولپور دھولڑی

تصویر ماخوز از فیس بک





سیریل نمبر
۲

صفحہ
۲۹

سید اطہر حسین کاظمی
ابن سید ظفر حسن کاظمی
.(ایئر کموڈور پاکستان ایئر فورس)
پیدائش: ۱۸ اگست ۱۹۲۶ع
وفات: ۶ مارچ ۲۰۱۸ع
مطابق ۱۸ جمادی الثانی ۱۴۳۹ھ (کراچی)
تصویر ماخوز از فیس بک





سید ظفر حسن کاظمی
ابن سید مبارک علی کاظمی
وفات: دسمبر ۱۹۵۳ع (خیرپور)
تصویر بشکریہ:
سید کاشف حسن باقری (خلف دلارا کاظمی)



آخری آرام گاہ سید ظفر حسن کاظمی
(جادو شاہ قبرستان، خیرپور میرس)
تصویر بشکریہ سیدہ افشین زہرہ کاظمی (۲)

سیدہ ستارہ کاظمی
بنت سید ظفر حسن کاظمی
زوجہ، سلطان حسین (مراد آباد، سنبھل)
وفات: یکم اپریل، ۲۰۱۴ع (کراچی)
تصویر بشکریہ سیدہ افشین زہرہ کاظمی (۲)






سیدہ سلطانہ کاظمی عرف منی
بنت سید ظفر حسن کاظمی
زوجہ، کیپٹن سید عباس زیدی (پنگوڑ، گڑگانوا)
وفات: جمعہ ۲۱ جون ۱۹۹۶ع مطابق ۵ صفر ۱۴۱۷ھ (ملتان)
تصویر بشکریہ سید نیر عباس زیدی (پسر)



سید افسر حسن کاظمی (برٹش ایئرویز)
ابن سید ظفر حسن کاظمی
وفات: ۲۸ جولائی ۲۰۲۱ع
مطابق ۱۸ ذی الحج ۱۴۴۲ھ (سن بری، انگلینڈ)
تصویر بشکریہ سیدہ افشین زہرہ کاظمی (۲)



سید صفدر علی کاظمی (پی آئی اے)
ابن سید ظفر حسن کاظمی
پیدائش: ۱۶ جولائی ۱۹۳۳ع
وفات: ۷ فروری ۱۹۹۹ع (نیویارک، امریکہ)
تصویر بشکریہ سیدہ افشین زہرہ کاظمی (۲)



*مولوی سید مظاہر حسین کاظمی کا بعمر ۲۸ سال نجف اشرف میں انتقال ہوا ۔ وہ بسلسلۂ دینی تعلیم نجف میں مقیم تھے ۔
(بحوالہ شجرۂ سادات رسولپور دھولڑی ۱۹۴۹ع)

سیریل نمبر
۳


صفحہ
۳۱



سید حامد حسین کاظمی
ابن سید احمد حسین کاظمی
صدر شیعہ ینگ سوسائٹی رسولپور دھولڑی
۱۹۴۹ع کا شجرہ مرتب کرایا۔
تصویر ماخوذ:
شجرۂ سادات رسولپور دھولڑی ۱۹۸۹ع
راولپنڈی، پاکستان۔



سید علمدار حسین کاظمی
ابن سید حامد حسین کاظمی
-(فاضل ادبیات و لسانیات)
جنرل سیکریٹری و قائم مقام صدر
انجمن سادات رسولپور دھولڑی، راولپنڈی، پاکستان۔
۱۹۸۹ع کا شجرہ آپ ہی کا مرہون منت ہے۔
پیدائش: اکتوبر ۱۹۲۲ع
وفات: جمعرات ۳۰ نومبر ۱۹۹۵ع مطابق ۷ رجب ۱۴۱۶ھ (راولپنڈی)
تصویر بشکریہ سید وقار حسین کاظمی عرف مسعود عالم (۳)



سیریل نمبر
۴

صفحہ
۳۳

سیدہ صغیر فاطمہ کاظمی عرف کامو
بنت سید ضمیرالحسنین کاظمی عرف انو
زوجہ سید مطیع احمد جعفری (سونی پت)
وفات: ۱۳ دسمبر ۲۰۱۸ع
مطابق ۵ ربیع الثانی ۱۴۴۰ھ (خانیوال)
تصویر ماخوذ از فیس بک



انو کی امام بارگاہ، دھولڑی
بانی امام بارگاہ سید ضمیرالحسنین کاظمی عرف انو
تصویر بشکریہ سید محمد حسن کاظمی (۱۰۸)



سیدہ ضمیر فاطمہ کاظمی عرف بندیا
بنت سید ضمیرالحسنین کاظمی عرف انو
زوجہ سید ظہورالحسن کاظمی (۵۹)
تصویر بشکریہ
سیدہ کنیز حسنین کاظمی عرف صفیہ حسن (۴)



سیدہ عزیز فاطمہ کاظمی عرف بتّو
بنت سید ضمیرالحسنین کاظمی عرف انو
زوجہ سید آغا ناصر حسین کاظمی (۸)
وفات: ۴ جون ۲۰۱۴ع
مطابق ۵ شعبان ۱۴۳۵ھ (کراچی)
تصویر ماخوز از فیس بک





سید سفیرالحسنین کاظمی
ابن سید عزیزالحسنین کاظمی
پیدائش: ۱۲ جون ۱۹۵۹ع
وفات: ۳۰ ستمبر ۱۹۸۰ع
مطابق ۲۰ ذیقعد ۱۴۰۰ھ (کراچی)
تصویر بشکریہ
سیدہ کنیز حسنین کاظمی عرف صفیہ حسن



سید عزیزالحسنین کاظمی (ستارۂ قائداعظم)

سید عزیزالحسنین کاظمی عرف منے ابن سید ضمیرالحسنین کاظمی عرف انو۔ وفات ۲۰ ستمبر ۱۹۸۲ع مطابق ۱۳ ذی الحج ۱۴۰۲ھ (کراچی)
مرحوم سندھ پولیس میں ملازم تھے، ۱۹۵۸ع میں کراچی کے بوہری بازار میں آگ لگنے سے کچھ عورتیں اور بچے عمارت کے اوپر پھنس گئے۔ مرحوم کسی طرح عمارت پر چڑھنے میں کامیاب ہوگئے اور عورتوں اور بچوں کو بچاتے ہوئے نیچے گرکر شدید زخمی ہوئے۔ اندرونی چوٹیں اتنی شدید تھیں کہ طویل عرصہ تک علاج کے باوجود صحتیاب نہ ہوسکے اور خالق حقیقی سے جاملے۔ مرحوم کو اس بہادری کے صلہ میں ۲۳ مارچ ۱۹۵۹ع کو صدر پاکستان فیلڈ مارشل (جنرل) محمد ایوب خان نے ستارۃ قائد اعظم سے نوازا۔
تصویر بشکریہ سیدہ کنیز حسنین کاظمی عرف صفیہ حسن (۴)

روزنامہ "جناح" ۲۴ جون ۲۰۱۵ء، کراچی - تصویر بشکریہ سیدہ کنیز حسنین کاظمی عرف صفیہ حسن (۴)



حمیرا اطہر



سپاہی عزیز الحسن کی بیوہ تمغہ قائداعظم دکھا رہی ہیں




سپاہی عزیز الحسنین کاظمی

57 سال پہلے بوہری بازار میں لگنے والی آگ نے سپاہی سیّد عزیز الحسنین کاظمی کا گھرانہ جلائے بغیر راکھ کر دیا

انصاف نہ ملا، تمغۂ قائداعظم بھی کام نہ آیا، اب حالات کی ماری، مایوس بیٹی اسے مزارِ قائد کی "نذر" کر دینا چاہتی ہے




امیر فاطمہ
زوجہ اول
ظہیر فاطمہ، زوجہ
مصطفیٰ حسین نقوی
(موہینا، گڑگانوا)
وزیر فاطمہ، زوجہ اول
ساجد حسین تقوی (۱۱)
کنیز زینب، زوجہ
ضیاءالحسن کاظمی (۵)
سید ظہیر حسین (لاولد) اہلیہ
سیدہ حمیدہ بیگم کاظمی (۵)
کنیز بانو، زوجہ
ایوب حسین (عبداللہ پور)
شمس الحسن (لاولد)
(نوجوانی میں انتقال ہوا)
ضیاءالحسن، اہلیہ
کنیز زینب کاظمی (۵)
دختر، نام -؟- ، زوجہ
نام -؟- (عیسیٰ پور)
دختر، نام -؟- ، زوجہ
نام -؟- (عیسیٰ پور)
سیدہ حمیدہ بیگم، زوجہ
ظہیر حسین کاظمی (۵)
سید حامد حسین (لاولد)
دختر، نام -؟- ، زوجہ
نام -؟- (جانسٹھ)
سید سید علی، اہلیہ
اول۔ امیر فاطمہ کاظمی (۶)
ثانی -؟- کاظمی (۶) لاولد
سید اکرم علی
اہلیہ، نام -؟- وطن -؟-
سید محمد جان (لاپتہ ہوگئے)
اہلیہ، نام -؟- وطن -؟-
سید محمود حسن
اہلیہ، نام -؟- وطن -؟-
دختر، نام -؟- ، زوجہ
اشفاق حسین (وطن -؟-)
سید ظفریاب علی
اہلیہ، نام -؟- وطن -؟-
دختر، نام -؟-
سید احمد حسن (۶)
سید باقر حسین (۷)
سید مظہر حسین (۹)
سید شفقت حسین (۷۴)
سید فتحیاب علی
اہلیہ، نام -؟- وطن -؟-
سید حسن علی کاظمی، اہلیہ
نام -؟- وطن -؟-
ابن سید جمال علی کاظمی
نمبر ۱ سے
سیریل نمبر
۵
صفحہ
۳۶




سیدہ ظہیر فاطمہ کاظمی
بنت سید سید علی کاظمی
زوجہ سید مصطفیٰ حسین نقوی (موہینا، گڑگانوا)
وفات: ۱۷ دسمبر ۱۹۸۷ع
مطابق ۲۵ ربیع الثانی ۱۴۰۸ھ (خیرپور)
تصویر بشکریہ: سید قاسم رضا نقوی (پسر)



سید ظہیر حسین کاظمی
ابن سید سید علی کاظمی
تصویر بشکریہ
سید قاسم رضا نقوی



سیدہ حمیدہ بیگم کاظمی
بنت سید محمود حسن کاظمی
زوجہ سید ظہیر حسین کاظمی (۵)
تصویر بشکریہ
سید قاسم رضا نقوی




سیریل نمبر
۶


صفحہ
۳۸




سید اسد رضا کاظمی عرف بندوا
ابن سید حسین رضا کاظمی
تصویر بشکریہ
سید علی قنبر کاظمی (۱۹)



سید انظار حسین کاظمی
ابن سید سید محمد کاظمی
تصویر بشکریہ
سید علی قنبر کاظمی (۱۹)




سید وزیر حیدر/ نواب حیدر کاظمی عرف نابو
ابن سید امیر محمد کاظمی
تصویر بشکریہ
سید علی قنبر کاظمی (۱۹)



سیریل نمبر
۷


صفحہ
۴۰




سید رضا حسن کاظمی
ابن مولانا سید سبط حسن کاظمی
وفات: ہفتہ، ۱۵ جولائی ۲۰۲۳ع
مطابق ۲۷ ذی الحج ۱۴۴۴ھ (کراچی)
تصویر ماخوذ از فیس بک



سید محمد حسنین کاظمی
ابن سید باقر حسین کاظمی
وفات: ۲۹ اکتوبر ۱۹۵۷ع
مطابق ۴ ربیع الثانی ۱۳۷۷ھ (خیرپور)
تصویر بشکریہ مولانا سید سبط حسن کاظمی (۷)



مولانا سید سبط حسن کاظمی
ابن سید محمد حسنین کاظمی
پیدائش: ۳ اپریل ۱۹۳۱ع مطابق ۱۵ ذیقعد ۱۳۴۹ھ
وفات: ۲۶ جون ۲۰۲۲ع مطابق ۲۷ ذیقعد ۱۴۴۳ھ (کراچی)
تصویر ماخوذ از فیس بک



سیریل نمبر ۸

سید تجمل حسین کاظمی (ذاکر اہلبیت)، اہلیہ، سیدہ زوار بانو کاظمی (۱۳)
ابن سید باقر حسین کاظمی

نمبر ۷ سے

صفحہ ۴۲



سید آغا حیدر حسین کاظمی
ابن سید تجمل حسین کاظمی
وفات ۱۹ ستمبر ۱۹۹۲ع
مطابق ۲۰ ربیع الاول ۱۴۱۳ھ (حیدرآباد)
تصویر بشکریہ سید فراز عباس کاظمی (۸)



سید آغا صفدر حسین کاظمی
ابن سید تجمل حسین کاظمی
وفات: ۳۰ نومبر ۱۹۹۶ع
مطابق ۱۸ رجب ۱۴۱۷ھ (کراچی)
تصویر بشکریہ پروفیسر سید راحیل اختر کاظمی (۸)




سید آغا ناصر حسین کاظمی
ابن سید تجمل حسین کاظمی
وفات: ۲۵ مئی ۱۹۹۷ع
مطابق ۱۷ محرم ۱۴۱۸ھ (کراچی)
تصویر بشکریہ سید اکبر عباس کاظمی (۸)



سیدہ ناہید فاطمہ کاظمی
بنت سید آغا ناصر حسین کاظمی
زوجہ عبدالغفار
وفات: اتوار ۱۲ مئی ۲۰۱۳ع
مطابق یکم رجب ۱۴۳۴ھ (کراچی)
تصویر ماخوز از فیس بک



سیدہ عصمت فاطمہ کاظمی
بنت سید آغا ناصر حسین کاظمی
زوجہ سید مونس حسین کاظمی (۷۳)
وفات: ۳ دسمبر ۲۰۱۵ع
مطابق ۲۰ صفر ۱۴۳۷ھ (کراچی)
تصویر بشکریہ سید احمد حسن کاظمی (۷۳)



سیریل نمبر
۹

صفحہ
۴۴




سید شاداب حسن کاظمی
ابن سید نواب حسن کاظمی
وفات بروز بدھ ۱۱ اپریل ۲۰۲۳ع
مطابق ۲۰ رمضان ۱۴۴۴ھ (کراچی)
تصویر بشکریہ سیدہ کنول فاطمہ کاظمی (۹)



سید نواب حسن کاظمی
ابن سید آل حسن کاظمی
وفات: بروز پیر ۲ جولائی ۲۰۱۲ع
مطابق ۱۲ شعبان ۱۴۳۳ھ (کراچی)
تصویر بشکریہ سیدہ کنول فاطمہ کاظمی (۹)



سید محمد تسکین کاظمی
ابن سید حسن محمد کاظمی
وفات: منگل ۴ ستمبر ۲۰۰۷ع
مطابق ۲۱ شعبان ۱۴۲۸ھ (کراچی)
تصویر بشکریہ سید محمد اقبال کاظمی (۹)



سیریل نمبر
۱۰

صفحہ
۴۶



سید اشتیاق حسین کاظمی
ابن سید فرزند حسین کاظمی
وفات: جنوری ۱۹۸۶ع
مطابق ربیع الثانی ۱۴۰۶ھ (راولپنڈی)
تصویر بشکریہ شاہدہ کاظمی (۱۰)

صفدر ہمدانی


خوش رو و خوش بیاں تھے اظہار کاظمی
لفظوں کا گلستاں تھے اظہار کاظمی
خاموش ہو گیا ہے چمن بولتا ہوا
آواز کا جہاں تھے اظہار کاظمی



سید اظہار حسین کاظمی
ابن سید اشتیاق حسین کاظمی
(ڈائرکٹر ریڈیو پاکستان)
وفات: بروز جمعہ ۲۹ مارچ ۲۰۱۳ع مطابق ۱۷ جمادی الاول ۱۴۳۴ھ (امریکہ)
تصویر ماخوز صفحۂ ''اظہار اور شاہدہ کاظمی'' فیس بک



کوٹھی سید اشیاق حسین کاظمی، دھولڑی۔ تصویر بشکریہ سید علی قنبر کاظمی (۱۹)



سید زاہد حسین کاظمی، اہلیہ، امۃ الفاطمہ بنت اولاد علی (عیسیٰ پور)
ابن سید فرزند حسین کاظمی


نمبر ۱۰ سے


سیریل نمبر
۱۱

سید ہاشم رضا ہاشم کے مجموعۂ کلام

پر پرواز خاک

سے انتخاب






سید ہاشم رضا کاظمی، تخلص ہاشم (شاعر اہلبیت)
ابن سید زاہد حسین کاظمی
پیدائش: ۱۹۳۶ع
وفات: ۱۶ فروری ۱۹۹۷ع مطابق ۸ شوال ۱۴۱۷ھ (کراچی)
تصویر بشکریہ سید خورشید رضا کاظمی (۱۱)



سید زاہد حسین کاظمی
ابن سید فرزند حسین کاظمی
تصویر بشکریہ سید علمدار رضا کاظمی (۱۱)



سیریل نمبر ۱۲

صفحہ ۵۰

سید ضرغام عباس کاظمی
ابن سید غلام عباس کاظمی
سیکریٹری، شیعہ ینگ سوسائٹی، رسولپور دھولڑی۔
۱۹۴۹ء کا شجرہ مرتب کرایا۔
وفات: ۱۹۷۹ء (دھولڑی)
تصویر بشکریہ سید اطہر عباس کاظمی (۱۲)





سیدہ ذکیہ بیگم کاظمی
بنت سید تہور علی کاظمی
زوجہ سید کرار حسین رضوی (میرٹھ)
وفات: تاریخ ۔؟۔ ۱۹۵۱ء مطابق تاریخ ۔؟۔ ۱۳۷۰ھ (میرٹھ)
تصویر بشکریہ سید احتشام حیدر رضوی۔ پوتا۔ (حیدرآباد دکن)

سیدہ سجادی بیگم کاظمی
بنت سید غلام عباس کاظمی
زوجہ سید آل محمد زیدی اخگر (فرخ آباد)
پیدائش: ۱۹۱۲ء - وفات: ۱۹۸۵ء (کراچی)
تصویر بشکریہ سید اصغر زیدی (پوتا)



سید جرار عباس کاظمی
ابن سید غلام عباس کاظمی
(اسٹیشن ماسٹر، پاکستان ریلوے)
تصویر بشکریہ سید احمد عباس کاظمی (۱۲)





سیدہ بلقیس فاطمہ کاظمی
بنت سید غلام عباس کاظمی
زوجہ سید جواد حسین کاظمی (۲۵)
تصویر بشکریہ سید علی سجاد کاظمی (۲۵)



سیدہ محمدی بیگم کاظمی
بنت سید غلام عباس کاظمی
زوجہ سید علی رہبر کاظمی (۳۴)
وفات: بروز پیر ۷ اپریل ۲۰۰۸ء
مطابق ۳۰ ربیع الاول ۱۴۲۹ھ (دھولڑی)
تصویر بشکریہ سید محمد علی کمیل کاظمی (۱۸)



سیدہ اشتیاق فاطمہ کاظمی
بنت سید غلام عباس کاظمی
زوجہ سید صادق حسین تقوی (۵)
وفات: جولائی ۷، ۱۹۹۲ء
مطابق محرم ۶، ۱۴۱۳ھ (دھولڑی)
تصویر بشکریہ سید حیدر علی راجہ تقوی (۵)



سیدہ جرار فاطمہ کاظمی
بنت سید غلام عباس کاظمی
زوجہ سید علی نجف کاظمی (۴۷)
وفات: ۵ نومبر ۱۹۹۳ء
مطابق ۲۰ جمادی الاول ۱۴۱۴ھ (دھولڑی)
تصویر بشکریہ سید محمد احمد کاظمی (۴۷)

سیدہ کنیز بتول کاظمی
بنت سید ضرغام عباس کاظمی
زوجہ سید شرافت حسین کاظمی (۲۰)
وفات: ۱۹۷۷ع (دھولڑی)
تصویر بشکریہ سید اطہر عباس کاظمی (۱۲)





سید علی عباس کاظمی
ابن سید ضرغام عباس کاظمی
وفات: ۹ دسمبر ۲۰۱۶ع
مطابق ۹ ربیع الاول ۱۴۳۸ھ (دھولڑی)
تصویر بشکریہ سید اطہر عباس کاظمی (۱۲)

سیدہ کنیز کلثوم کاظمی
بنت سید ضرغام عباس کاظمی
زوجہ سید مطلوب حسین رضوی (دھولپور، راجستان)
وفات: بروز جمعہ ۵ جون ۲۰۲۶ع
مطابق ۱۸ ذی الحج ۱۴۴۷ھ (دھولپور)
تصویر بشکریہ سیدہ تنویر زہرا رضوی (دھولپور)






سید احمد عباس کاظمی
ابن سید جرار عباس کاظمی
وفات: تاریخ ؟؟؟
تصویر بشکریہ
سید محمد عباس کاظمی (۱۲)

سیدہ امۃ السکینہ کاظمی عرف رابعہ خاتون
بنت سید ضرغام عباس کاظمی
زوجہ سید مشہود حسین کاظمی (۴۵)
وفات: بروز منگل ۴ جولائی ۲۰۱۷ع
مطابق ۹ شوال ۱۴۳۸ھ (کراچی)
تصویر بشکریہ سیدہ امۃ السکینہ کاظمی





سید کرار عباس کاظمی
ابن سید ضرغام عباس کاظمی
وفات: ۱۷ اپریل ۲۰۲۵ع
مطابق ۱۸ شوال ۱۴۴۶ھ (اجمیر)
تصویر ماخوذ از فیس بک



*سید مظاہر حسین کاظمی فساد دہلی ۹ ستمبر ۱۹۴۷ع محلہ پہاڑ گنج سے نکالے گئے اور ایک ظالم کی بندوق کا نشانہ ہوئے مع اپنی پانچ سالہ لڑکی کے اور مرحوم کی عمر ۳۵ سال تھی- نیز انکی اہلیہ حمل سے تھیں بعد میں لڑکا پیدا ہوا جس کا نام حبیب ابن مظاہر رکھا۔
(شجرۂ سادات رسولپور دھولڑی ۱۹۴۹ع)

سید مظفر علی کاظمی، اہلیہ، کنیز زینب بنت محمد طاہر (چھولس، جارچہ)
ابن سید تہور علی کاظمی

نمبر ۱۲ سے

میرے ولی، محسن اور سرپرست
سید مشرف علی کاظمی (ذاکر اہلبیت)

سید مشرف علی کاظمی
سند امتحان عربی و فارسی
فروری ۱۹۲۷ع، نورالمدارس، امروہہ۔



ابن سید مظفر علی کاظمی
وفات : ۱۳ اکتوبر ۱۹۷۶ع
مطابق ۱۸ شوال ۱۳۹۶ھ (خیرپور)
تصویر قبل تقسیم پاک و ہند (دھولڑی)






سید مظفر علی کاظمی
ابن سید تہور علی کاظمی
وفات : یکم اگست ۱۹۵۱ع
مطابق ۲۷ شوال ۱۳۷۰ھ (خیرپور)
تصویر قبل تقسیم پاک و ہند (دھولڑی)

سیدہ مشرف بانو کاظمی
بنت سید مظفر علی کاظمی
زوجہ سید ریاضت حسین زیدی (عیسیٰ پور)
تصویر قبل تقسیم پاک و ہند ۔





سید مظاہر حسین کاظمی
ابن سید مظفر علی کاظمی
شہادت: ۹ ستمبر ۱۹۴۷ع
مطابق ۲۳ شوال ۱۳۶۶ھ


سیدہ کنیز اصغر کاظمی
بنت سید مظاہر حسین کاظمی
شہادت: ۹ ستمبر ۱۹۴۷ع
مطابق ۲۳ شوال ۱۳۶۶ھ

باپ بیٹی دونوں پہاڑ گنج دہلی
میں تقسیم پاک و ہند کے
فسادات میں شہید کردئیے گئے۔
تفصیل صفحہ ۱۸ اور ۵۶ پر دیکھیں



سید مجاہد حسین کاظمی
ابن سید مظفر علی کاظمی
وفات : ۱۳ جنوری ۱۹۸۴ع
مطابق ۸ ربیع الثانی ۱۴۰۴ھ (کراچی)
تصویر بشکریہ سید رضا عباس کاظمی (۴۸)

التماس سورۂ فاتحہ



رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا

اے میرے پالنے والے جس طرح ان دونوں نے میرے بچپنے میں میری پرورش کی اسی طرح تو بھی ان پر رحم فرما. (سورۂ بنی اسرائیل آیۃ ۲۴)



میرے ولی، محسن اور سرپرست
سید مشرف علی کاظمی (ذاکر اہلبیت)
ابن سید مظفر علی کاظمی
وفات:۔ ۱۳ اکتوبر ۱۹۷۶ع
مطابق ۱۸ شوال ۱۳۹۶ھ (خیرپور)
تصویر: ۱۹۶۴ع خیرپور میرس، سندھ




سیدہ اقبال فاطمہ زیدی عرف جمیلہ (ذاکرۂ اہلبیت)
بنت سید سید حسن زیدی (مظفرنگر)
زوجہ سید مشرف علی کاظمی
وفات: ۲۳ اکتوبر ۲۰۱۰ع
مطابق ۱۴ ذیقعد ۱۴۳۱ھ (کراچی)

التماس سورۂ فاتحہ

"فصل گل ہے اب جہاں میں اے شہیدو تم کہاں ہو"
سید مظاہر حسین کاظمی ابن سید مظفر علی کاظمی کی آخری تحریر
شہادت سے چار روز قبل ۵ ستمبر ۱۹۴۷ع مطابق ۱۹ شوال ۱۳۶۶ھ بروز جمعہ








سیدہ افضال فاطمہ زیدی عرف شکیلہ
بنت سید سید حسن زیدی (مظفرنگر)
زوجہ سید مظاہر حسین کاظمی
وفات: ۲۳ اگست ۲۰۰۰ع
مطابق ۲۲ جمادی الاول ۱۴۲۱ھ (کراچی)


مظاہر تا مظاہر

سید مظاہر حسین کاظمی بسلسلۂ تجارت دہلی میں مقیم تھے، ۹ ستمبر ۱۹۴۷ع مطابق ۲۳ شوال ۱۳۶۶ھ بعمر ۳۵ سال مع اپنی پانچ سالہ بیٹی **کنیزاصغرکاظمی** کے تقسیم پاک و ہند کے فورا" بعد فسادات میں سینکڑوں مسلمانوں کے ہمراہ پہاڑگنج، دہلی میں شہید کردئے گئے، نہ میتیں ملیں نہ گور و کفن ہوا ۔ انکی اہلیہ بھی ہمراہ تھیں اور حمل سے تھیں جو معجزانہ طور پر محفوظ رہیں۔ ۲۴ دسمبر ۱۹۴۷ع مطابق ۱۲ صفر۱۳۶۷ھ انکی بیوہ کے دھولڑی میں بیٹے کی ولادت ہوئی جسکا نام **حبیب ابن مظاہر** رکھا گیا، جسکی پرورش اسکے تایا **سید مشرف علی کاظمی** کے ذمہ قرار پائی جو لاولد تھے۔ انہوں نے اپنی ذمہ داری بحسن و خوبی انجام دی اور تعلیم و تربیت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ ۴ اپریل ۱۹۵۰ع پورا خاندان پاکستان منتقل ہوگیا۔ ۱۲جنوری ۱۹۷۴ع کو **حبیب ابن مظاہر** کی شادی کردی گئی۔ ۲۹۔ اپریل ۱۹۷۹ع کو **محمد علی کاظمی** پیدا ہوا جس کی شادی ۷ اپریل ۲۰۰۷ع کو ہوئی وہ اپنی اہلیہ کے ہمراہ کینڈا منتقل ہوگیا جہاں ۲۳ جنوری ۲۰۱۰ع کو بیٹا پیدا ہوا جس کا نام **مظاہر علی کاظمی** رکھا۔



سیریل نمبر
۱۴


صفحہ
۵۷



سید شاہد حسین کاظمی
ابن سید مبارک حسین کاظمی
وفات: اتوار ۲۴ اگست ۱۹۸۰ع
مطابق ۱۴ شوال ۱۴۰۰ھ (دھولڑی)
تصویر بشکریہ سید علی قنبر کاظمی (۱۹)



سید طالب حسین کاظمی
ابن سید شاہد حسین کاظمی
پیدائش: ۱۶ جنوری ۱۹۵۰ع مطابق ۲۷ ربیع الثانی ۱۳۶۹ھ (دھولڑی)
وفات: ۱۶ دسمبر ۲۰۲۲ع مطابق ۲۱ جمادی الاول ۱۴۴۴ھ (دھولڑی)
تصویر ماخوز از فیس بک



سیریل نمبر
۱۵

صفحہ
۵۹

سیدہ سعید فاطمہ کاظمی
بنت سید مرتضیٰ حسین کاظمی
زوجہ سید دلدار حسین زیدی (ساڈھورا)
وفات: بروز بدھ ۲۳ اگست ۲۰۱۷ع
مطابق ۲۹ ذیقعد ۱۴۳۸ھ (کراچی)
تصویر ماخوز از فیس بک




سید اسد اختر کاظمی
ابن سید مرتضیٰ حسین کاظمی
وفات: پیر ۶ ستمبر ۱۹۹۳ع
مطابق ۱۹ ربیع الاوال ۱۴۱۴ھ (کراچی)
تصویر بشکریہ سید محمود اختر کاظمی (۱۵)




سید ظفر حسین کاظمی
ابن سید اسد اختر کاظمی
وفات: بدھ ۱۰ اکتوبر ۲۰۱۸ع
مطابق یکم صفر ۱۴۴۰ھ (کراچی)
تصویر بشکریہ سید محمود اختر کاظمی (۱۵)




سید اسرار حسین کاظمی
ابن سید اشفاق حسین کاظمی
تصویر بشکریہ سید علی قنبر کاظمی (۱۹)



سید منظر حسین کاظمی
ابن سید اسرار حسین کاظمی
تصویر بشکریہ سید علی قنبر کاظمی (۱۹)





سیریل نمبر ۱۶

صفحہ ۶۱




امام بارگاہ حسینیہ علی کبیر
تصویر بشکریہ سید نادر نقوی (دھولڑی)




سید علی کبیر کاظمی
ابن سید علی گوہر کاظمی
وفات: ۱۶ جون ۱۹۶۴ع مطابق ۵ صفر ۱۳۸۴ھ
مدفون امام بارگاہ حسینیہ علی کبیر، دھولڑی۔
تصویر بشکریہ: ڈاکٹر سید ندیم حسن کاظمی (۲۲)



لوح مزار سید علی کبیر کاظمی
تصویر بشکریہ سید منتظر مہدی کاظمی (۵۳)



تاریخ تعمیر حسینیہ علی کبیر
نتیجۂ فکر بلند سر آمد شعرائے ہند حضرت شمیم کرہانی مد ظلہٗ
کیا قصر عزاء ابن حیدر کی نظیر - کرتا ہے سلام اس کو خورشید منیر
سردار جناں کے فیض نسبت سے شمیم - رشک جنت ہوئی ہے تعمیر کبیر
۱۹۶۲ع
تصویر بشکریہ سید منتظر مہدی کاظمی (۵۳)



حاجی سید غضنفر حسین کاظمی
ابن سید محمد عباس کاظمی
وفات: ۱۹۷۸ع (دھولڑی)
آپ اور اہلیہ دونوں اسی حویلی میں مدفون ہیں۔
تصویر بشکریہ سید نادر نقوی (دھولڑی)

لوح مزار حاجی سید غضنفر حسین کاظمی
تاریخ وفات: شہید الحاج مرحوم و مغفور

۱۹۷۸ = ۱۰ - ۱۹۸۸

غلام بادشاہ مشرقین کہتے ہیں
زمانے والے غضنفر حسین کہتے ہیں
جو بعد مرگ ملے اسکو کہتے ہیں آرام
جو زیر قبر ملے اسکو چین کہتے ہیں
عزاء سبط پیمبر میں پیش پیش رہا
اسے فدائی نام حسین کہتے ہیں
بصد خلوص وہ محفل چراغ نرجس کی
کہ عسکری کا جسے نور عین کہتے ہیں
بیاد تشنہ جگر غم کے بے صدا آنسو
زبان درد سے ہائے حسین کہتے ہیں
ترے نقوش وفا کو رسولپور کے لوگ
کبھی قرار کبھی دل کا چین کہتے ہیں
کسر شمار میں آتی نہیں تو اہل شعور
سن وفات غضنفر حسین کہتے ہیں

۱۹۷۸ = ۳۸۰ - ۳۲۵۸

ولائے آل پیمبر بنی تھی جزو سرشت
خدا سے مل گئی آرام گاہ باغ بہشت
مہدی نظمی

تصویر بشکریہ سید نادر نقوی (دھولڑی)




سیدہ مشتاق بانو کاظمی
بنت سید محمد عباس کاظمی
زوجہ سید محمد ذکی کاظمی (۴۱)
وفات: ۱۹۶۵ع ؟ ؟ ؟ ؟ ؟ (دھولڑی)
تصویر بشکریہ سید علی کوکب کاظمی (۳۷)



مبارک ہو حاجی غضنفر حسین
یہ تعمیر تم کو اے خوش عمل
ہوئی فکر تاریخ سید کو جب
کہا طبع نے خوبصورت محل
تاریخ تعمیر ۱۳۸۲ھ مطابق ۱۹۶۳ع




حویلی حاجی سید غضنفر حسین کاظمی، تصویر بشکریہ سید نادر نقوی (دھولڑی)




سیریل نمبر
۱۷

صفحہ
۶۴

